# پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن 21۔اے کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

فون نمبر: کنٹرولر امتحانات:۔ 042-99260209 فیکس نمبر:۔ 042-37800255 چیف سیکریسی آفیسر:۔ 042-99260281

**SAY NO TO CORRUPTION** coe.pbte@yahoo.com, secrecycellpbte@gmail.com

حوالہ مراسلہ نمبری:۔ پی بی ٹی ای/سی ایس او/2025/ 136 تاریخ:۔ 29-04-2025

تمام پرنسپل صاحبان،

بورڈ سے ملحقہ تمام ادارہ جات (پنجاب، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان)۔

عنوان:۔ ہدایات برائے انعقاد پریکٹیکل ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ (DAE)، ڈی اے ای (سائنوپاک) ڈپلومہ ان ڈریس ڈیزائننگ اینڈ ڈریس میکنگ (DDM) اور برج کورسز برائے لیول۔3 ڈپلومہ آف سٹی گلڈز کے امتحانات پریکٹیکل (سال دوئم، سوئم و چہارم) اور سیشنل (سال اول، دوئم، سوئم و چہارم) پہلا سالانہ امتحان 2025۔

پریکٹیکل امتحانی شیڈول بحوالہ مراسلہ نمبر پی بی ٹی ای/ٹیکنیکل/1171/2025 مورخہ 24-04-2025 کے مطابق تواریخ پر عمل کیا جائے۔ عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارہ پر عائد ہوگی نیز پریکٹیکل امتحانات کا انعقاد تشکیل کردہ پریکٹیکل سنٹروں میں ہوگا جبکہ سیشنل مارکس کی آن لائن فیڈنگ متعلقہ ادارہ جات کریں گے۔

سال اول، دوئم، سوئم و چہارم کے پریکٹیکل امتحانات کیلئے ایکسٹرنل ممتحن حضرات کی تعیناتی دفتر بورڈ کرے گا۔ ایکسٹرنل ممتحن حضرات پریکٹیکل کے سوالیہ پرچہ خود تیار کریں گے اور پریکٹیکل امتحان کے دوران اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں گے۔ ایکسٹرنل ممتحن کے بارے میں سیکریسی برانچ سے رابطہ فون نمبر: 042-99260286، 042-99260272 پر کریں۔

پریکٹیکل امتحان کے رزلٹ کی انٹری کے لیے متعلقہ پریکٹیکل سنٹروں کو پریکٹیکل کمپیوٹرائز مینول ایوارڈ لسٹیں بورڈ کی طرف سے ارسال کی جارہی ہیں جس پر گروپ کے حساب سے پریکٹیکل ایوارڈ لسٹوں میں مارکس اندراج مکمل کرنے کے بعد بمعہ طلباء حاضری درج ذیل شیڈول کے مطابق چیف سیکریسی آفیسر، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، 21-A کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر ارسال کرنی ہیں بصورت دیگر پرنسپل ادارہ جات ذمہ دار ہونگے۔

| نمبر شمار | شیڈول برائے پریکٹیکل متعلقہ امتحانی سنٹرز، سال دوئم، سوئم و چہارم | تواریخ |
|---|---|---|
| 01 | آغاز پریکٹیکل امتحانات (سال دوئم، سوئم، چہارم) | 05-05-2025 |
| 02 | گروپ نمبر 01 تا 03 کی پریکٹیکل ایوارڈ لسٹیں بمعہ اُمیدواران کی حاضری جناب چیف سیکریسی آفیسر کے دفتر میں وصولی کی آخری تاریخ | 22-05-2025 |
| 03 | گروپ نمبر 04 تا 06 کی پریکٹیکل ایوارڈ لسٹیں بمعہ اُمیدواران کی حاضری جناب چیف سیکریسی آفیسر کے دفتر میں وصولی کی آخری تاریخ | 29-05-2025 |
| 04 | گروپ نمبر 07 تا 12 کی پریکٹیکل ایوارڈ لسٹیں بمعہ اُمیدواران کی حاضری جناب چیف سیکریسی آفیسر کے دفتر میں وصولی کی آخری تاریخ | 05-06-2025 |

| | شیڈول برائے سیشنل ایوارڈ لسٹ آن لائن انٹری متعلقہ ادارہ جات سال اول، دوئم، سوئم و چہارم | تواریخ |
|---|---|---|
| 01 | سال اول، دوئم، سوئم و چہارم کے سیشنل مارکس کی آن لائن انٹری شروع کرنے کی تاریخ | 05-05-2025 |
| 02 | سال اول، دوئم، سوئم و چہارم کے سیشنل مارکس کی آن لائن انٹری اور ڈیٹا لاک ہونے کی آخری تاریخ | 19-05-2025 |
| | سال اول، دوئم، سوئم و چہارم کے سیشنل مارکس کی ایوارڈ لسٹیں جناب چیف سیکریسی آفیسر کے دفتر میں وصولی کی آخری تاریخ | 23-05-2025 |

P.T.O

## سیشنل ایوارڈلسٹوں کو تیار کرتے وقت درجہ ذیل ہدایات کو مدنظر رکھا جائے۔

1۔ سیشنل مارکس کے رزلٹ کیلئے ادارہ جات کے لاگ ان (Login) میں آن لائن ایوارڈلسٹیں اَپ لوڈ (Upload) کر دی گئی ہیں جن کا پرنٹ Download کر کے اپنے پاس محفوظ کر لیں جبکہ مورخہ 19-05-2025 ڈیٹا لاک ہونے کے بعد پرنٹ اور Download نہیں ہوگی۔

2۔ سیشنل مارکس کی آن لائن (Online) فیڈ نگ ہر صورت درج بالا تواریخ میں مکمل کرنے کی تمام تر ذمہ داری ادارہ سربراہ پر ہوگی۔ بصورت دیگر پرنسپل ادارہ جات ذمہ دار ہونگے۔

3۔ سیشنل مارکس کی ایوارڈلسٹوں کی آن لائن (Online) فیڈ نگ مکمل کرنے کے بعد پروف ریڈنگ کے پرنٹ کا اصل ایوارڈلسٹوں سے موازنہ کر لیں تاکہ کسی بھی قسم کی غلطی کا امکان نہ رہے۔اور سیشنل رزلٹ کی ایوارڈلسٹیں چیف سیکریسی آفیسر، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن 21-A کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کو ارسال کریں۔

## پریکٹیکل / سیشنل ایوارڈلسٹوں کو تیار کرتے وقت درجہ ذیل ہدایات کو مدنظر رکھا جائے۔

4۔ کمپیوٹرائزڈ ایوارڈلسٹ پرکُل مارکس / پاس مارکس آپ کی سہولت کیلئے پرنٹ کئے گئے ہیں۔ایوارڈلسٹ پر مارکس کا اندراج کُل مارکس کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے۔اگر پاس مارکس کو کُل مارکس تصور کر کے ایوارڈلسٹ تیار کی گئی تو ایسے امیدوار کے فیل ہونے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری ادارہ اور متعلقہ ممتحن پر عائد ہوگی۔اگر امیدوار حاضری چارٹ میں حاضر ہے لیکن ایوارڈلسٹ میں غیر حاضر ہے تو دفتر بورڈ اُس امیدوار کو غیر حاضر ہی تصور کرے گا کیونکہ ایوارڈلسٹ میں درج رزلٹ پر پرنسپل ادارہ بمعہ مہر اور ممتحن حضرات سے تصدیق شدہ ہوتا ہے۔

5۔ کوئی امیدوار پریکٹیکل امتحان میں غیر حاضر ہو تو اسے غیر حاضر (Absent) لکھا جائے لیکن سیشنل ایوارڈلسٹ میں کسی امیدوار کو غیر حاضر نہ لکھا جائے بلکہ اسے ہر صورت مارکس دیئے جائیں خواہ (صفر) مارکس ہی کیوں نہ ہوں۔ پریکٹیکل / سیشنل ایوارڈلسٹ کا کوئی خانہ خالی نہ رکھا جائے۔اگر پریکٹیکل یا سیشنل ایوارڈلسٹ میں کوئی خانہ خالی رہ گیا تو بورڈ ہذا اس امیدوار کو پریکٹیکل میں غیر حاضر اور سیشنل میں صفر تصور کرے گا۔اور بورڈ کے فیصلہ مورخہ 15-10-2011 کی روشنی میں رزلٹ کی اشاعت کے بعد پریکٹیکل / سیشنل کے متعلقہ کسی درخواست پر کاروائی نہ ہوگی۔ایوارڈلسٹ اور کاونٹر فائل کے مارکس میں فرق نہیں ہونا چاہیے۔ٹوٹل مارکس سے زائد مارکس کی ایوارڈ نہ بنائی جائے بھیجنے سے پہلے تسلی کر لیں۔

6۔ ایوارڈلسٹ پر کسی بھی صورت میں کٹنگ اور فلیوڈ (Fluid) کا استعمال قابل قبول نہ ہے۔کوئی صفحہ خراب ہو جانے کی صورت میں فی صفحہ ایک سو روپے فیس کے حساب سے PBTE کی منظور شدہ برانچ میں جمع کروکر اصل چالان اور خراب صفحہ / صفحات کی تفصیل ادارہ لیٹر پیڈ پر تحریر کر کے چیف سیکریسی آفیسر کو ارسال کریں تاکہ آپ کو دوبارہ ڈوپلیکیٹ (Duplicate Award List) صفحہ / صفحات ارسال کئے جاسکیں۔

7۔ حاضری چارٹ اور ایوارڈلسٹوں کی نقول کا ریکارڈ متعلقہ ادارہ بھی محفوظ رکھے گا۔دفتر بورڈ کسی بھی قسم کا وصول کردہ ریکارڈ واپس دینے کا پابند نہ ہے۔

8۔ امتحان کے اختتام پر پریکٹیکل پرچہ جات، حل شدہ پریکٹیکل کی جوابی کاپیاں، ڈرائینگ شیٹ، اور غیر استعمال شدہ بقیہ جوابی کاپیاں و دیگر پریکٹیکل کا سامان فوری طور پر اسسٹنٹ کنٹرولر کنڈکٹ-II بورڈ ہذا 354 کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر ارسال کریں۔

9۔ **ایوارڈلسٹوں کی تیاری کے متعلق درج ذیل فون نمبروں پر اطلاع کریں۔ آفس نمبر 042-99260281 (ڈیلنگ اسسٹنٹ) 0303-4165012**

**ای میل ایڈریس (secrecycellpbte@gmail.com)**

10۔ پریکٹیکل میٹریل (جوابی کاپیوں وغیرہ) کے بارے میں معلومات کے لیے۔کنڈکٹ برانچ:۔ 042-37802819 پر رابطہ کریں۔

11۔ پریکٹیکل سوالیہ پرچہ جات / اندرونی / بیرونی ممتحن اور پریکٹیکل بلز کی معلومات کے لیے درج ذیل فون نمبروں پر رابطہ کریں۔

سیکریسی سیکشن کے فون نمبر: 042-99260286، 042-99260270

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ پی۔ایس ٹو چیئر پرسن، پی بی ٹی ای، لاہور۔

2۔ پی۔اے ٹو کنٹرولر امتحانات، پی بی ٹی ای، لاہور۔

3۔ پی۔اے ٹو ڈپٹی کنٹرولر (سیکریسی / کنڈکٹ)، پی بی ٹی ای، لاہور،